© rasailojaraid.com

# مشن

## مشترکہ حکمتِ عملی پر بائبل سوسائٹیوں کا اتفاقِ رائے

سترہ بائبل سوسائٹیوں نے جو بین الاقوامی سطح پر کام کر رہی ہیں، یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ فورم برائے بائبل ایجنسیز (Forum of Bible Agencies) کے طور پر باقاعدگی سے باہم ملیں گی اور بائبل کے ترجمے اور تقسیم کے بارے میں ایک مشترکہ پالیسی اپنائیں گی۔ یونائٹڈ بائبل سوسائٹیز کے صدر دفتر ریڈنگ (انگلستان) میں وسط اپریل میں منعقدہ اجلاس میں اتفاق کیا گیا ہے کہ ایک دوسرے کے ساتھ مقابلے سے اجتناب کیا جائے گا۔ شرکاء نے اس اجلاس میں ایسی زبانوں کی ترجیحی فہرست تیار کی ہے جو تقریباً پانچ لاکھ افراد بولتے ہیں مگر ان زبانوں میں بائبل کا کوئی "موزوں" ترجمہ فی الحال موجود نہیں۔ کوشش کی جائے گی کہ ۱۹۹۶ء کے اختتام تک ان میں سے ہر ایک زبان میں بائبل کے کم از کم جزوی ترجمے تیار کر لیے جائیں۔ مختلف سوسائٹیوں کے نمائندوں نے ایتھوپیا میں بائبل کی تقسیم کے سلسلے میں مشترکہ حکمتِ عملی پر تبادلہ خیال کیا جو آئندہ مزید تعاون کے لیے نمونے کے طور پر کام آئے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ مسئلہ بھی زیر بحث رہا ہے کہ بائبل کے ترجمہ کا جائزہ لینے والوں کے لیے قابلیت کا کم از کم معیار متعین کرنے کی ضرورت ہے۔ (رپورٹ: اکیومینکل سروس)

# مسلمانوں کے لیے مشن

## شمالی امریکہ میں مسلم کمیونٹی سے ربط "نہ صرف ضروری ہے بلکہ وقت کے ساتھ ساتھ یہ زیادہ قابلِ عمل ہوتا جارہا ہے۔"

شمالی امریکہ کے "مشن ایجنسیز نیٹ ورک" کی دوسری کانفرنس (منعقدہ ۲۸-۳۱ مئی) میں شمالی امریکہ اور کینیڈا میں رہائش پذیر تقریباً ساٹھ لاکھ مسلمان غور و فکر کا موضوع بنے رہے۔ کانفرنس کا اہتمام شمالی امریکہ کے مشن ایجنسیز نیٹ ورک پروجیکٹ ڈیٹرائٹ (مشی گن) نے کیا تھا جو ۱۹۹۰ء میں بعض مشنری اداروں کے نمائندوں کی باہمی رضامندی سے بطور ایڈہاک کمیٹی وجود میں آیا تھا۔ اس میں



© rasailojaraid.com